قسم ہے قلم کی اور جو کچھ لکھتے ہیں، القرآن

ABC CERTIFIED

لاہور کراچی اسلام آباد ملتان ڈیرہ غازی خان مظفر آباد پشاور کوئٹہ بلوچستان فرنٹیئر اور لندن سے ذوالشان جنوبی ایشیا کا پہلا اردو اخبار

E-mail:ausaf@gmail.com

اعلیٰ صحافتی اوصاف کا علمبردار

http://www.dailyausaf.com

روزنامہ اوصاف لاہور

DAILY AUSAF LAHORE

چیف ایڈیٹر: مہتاب خان

ایڈیٹر: محسن بلال خان

جلد: 27 | بمطابق 11 جمادی الاول 1446ھ 14 نومبر 2024ء 30 کاتک 2081 بکرمی | صفحات 8 قیمت 30 روپے | شمارہ: 08

THURSDAY, NOVEMBER 14, 2024

Registered ID 17

صارفین بجلی کو انصاف کی فراہمی پر عملدرآمد کیا جا رہا ہے: افشاں صابر

52 صارفین کی شکایات سنی گئیں جن میں 45 صارفین کی شکایات کا ازالہ کر دیا گیا ہے

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) ڈائریکٹر وفاقی محتسب اعلیٰ لاہور افشاں صابر نے کہا ہے کہ صارفین بجلی کو ان کی دہلیز پر انصاف کی فراہمی کیلئے وفاقی محتسب اعلیٰ کے احکامات پر ہنگامی بنیادوں پر عملدرآمد کیا جا رہا ہے۔ شیخوپورہ سٹی ڈویژن اور رورل ڈویژن شیخوپورہ لیسکو کے 52 صارفین کی شکایات سنی گئیں جن میں 45 صارفین کی شکایات کا ازالہ کر دیا گیا ہے۔ وفاقی محتسب اعلیٰ کی ہدایات پر ڈائریکٹر محتسب اعلیٰ لاہور افشاں صابر نے شیخوپورہ سٹی ڈویژن لیسکو میں عدالت لگائی ان کے ہمراہ پرائیویٹ سیکرٹری افتخار احمد بھی موجود تھے عدالت میں آنے والے شکایت کنندہ کے مسائل سنے۔ ڈائریکٹر وفاقی محتسب اعلیٰ لاہور افشاں صابر نے ایس ای سرکل شیخوپورہ عمر بلال چودھری سے ملاقات کی اور صارفین کی شکایات کی نوعیت پر بات چیت کی۔ افشاں صابر نے کہا کہ وفاقی محتسب اعلیٰ عوام عوام کے مسائل ان کی دہلیز پر حل کرنے پر یقین رکھتا ہے جبکہ شکایات کنندگان کو کم سے کم وقت اور صارف کو مشکلات سے بچاتے ہوئے درخواستوں پر سماعت کر کے فیصلہ جاری کیا جاتا ہے۔ اس موقع پر ایس ای سرکل شیخوپورہ عمر بلال چودھری نے لیسکو کے ایگزیکٹو انجینئرز اور ایس ڈی او صاحبان کو وفاقی محتسب کی معافات کی ہدایات بھی جاری کیں۔ وفاقی محتسب اعلیٰ ڈائریکٹر افشاں صابر نے دوران سماعت سو فیصد درست پر فیصلے کئے اور صارفین بجلی کو ریلیف فراہم کیا۔

ڈائریکٹر وفاقی محتسب اعلیٰ لاہور افشاں صابر نے سٹی ڈویژن رورل ڈویژن لیسکو شیخوپورہ میں عدالت لگا کر صارفین کی شکایات سن رہی ہیں